# این وائی سی پبلک اسکولز میں کیا ہو رہا ہے

查看本文件的中文版 | এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন | اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
이 문서를 한국어로 보기 | Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen | Consultez ce document en français
Перевод документа на русский язык | یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں | Consulte este documento en español

schools.nyc.gov/MessagesForFamilies

## جون 2025

یہ تازہ ترین خبرنامہ اہلِ خانہ کو نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے تعلیمی سال 2024-25 کے اختتام، سمر رائزنگ، موسمِ گرما اسکول، موسمِ گرما کھانوں، پبلک اسکولز اتھلیٹک لیگ (PSAL)، موسمِ گرما پروگرامز اور موسمِ گرما مطالعے میں مدد کرنے کے لیے وسائل کے متعلق اہم معلومات فراہم کرتی ہے۔

---

## مندرجات


- 2024-25 تعلیمی سال کا اختتام
- سمر رائزنگ
- موسمِ گرما اسکول
- سمر میلز (موسم گرما میں کھانے)
- موسمِ گرما کھیل
- موسم گرما میں مطالعہ


---

## 2024-25 تعلیمی سال کا اختتام

اسکول کا آخری دن **جمعرات، 26 جون، 2025 ہے**! جون میں اہم تواریخ کے بارے میں جاننے کے لیے **schools.nyc.gov/calendar** پر جائیں بشمول یہ کہ ریجنٹس امتحانات کا انعقاد کس وقت کیا جائے گا اور منظور شدہ تعطیلات کی بجہ آوری کے لیے اسکول کب بند ہوں گے۔

---

## سمر رائزنگ

**موسمِ گرما میں تعلیم کی مہمات کے لیے تیار ہوں! تمام شرکا کے لیے سمر رائزنگ کا آغاز 2 جولائی** کو ہو گا، اور اس کا انعقاد پیر تا جمعہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک کیا جائے گا۔ K-5 گریڈز کے طلباء کے لیے پروگرامنگ کا اختتام 15 اگست کو اور 6-8 گریڈز کے طلباء کے لیے 8 اگست کو ہو گا۔ **سمر رائزنگ جمعہ، 4 جولائی 2025 کو یومِ آزادی کے لیے بند ہو گا۔**

اگر آپ نے 8 مئی تک اپنی سمر رائزنگ پیشکش قبول کر لی تھی، آپ پروگرام کے پہلے دن تک مزید معلومات موصول کریں گے۔ پروگرام کی تمام تفصیلات کی تازہ ترین خبروں سے باخبر رہنے کے لیے آپ **schools.nyc.gov/SummerRising** پر بھی جا سکتے ہیں۔

---

## موسمِ گرما اسکول

ہر مئی اور جون میں، اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا طلباء اگلے گریڈ سطح کے لیے تیار ہیں اساتذہ ان کی پیش رفت کی تشخیص کرتے ہیں۔ ان طلباء کے خاندانوں کو **وسط جون** میں بذریعہ خط مطلع کیا جائے گا جنہوں نے اب تک خاطر خواہ پیش رفت **نہیں** کی ہے۔

اگر آپکا طالب علم گریڈ 8-3 میں ہے اور اسے جون میں ترقی نہیں دی جاتی تو ان سے گرمیوں کے اسکول میں شرکت کرنا مطلوب ہو گا۔ اگر آپکے طالب علم کو سمر رائزنگ نشست نہیں ملی ہے تو وہ صرف تعلیمی حصے میں شرکت کریں گے۔ تواریخ اور اوقات کے بارے میں تفصیلی ہدایات خط میں ہونگی۔ گرمیوں کے اسکول کے اختتام پر، اسکول طلباء کے اگلے سال کے لیے گریڈ سطح کے بارے میں حتمی فیصلہ کریں گے۔

---

## سمر میلز (موسم گرما  میں کھانے)

جب اسکول بند ہوتے ہیں، طلباء پھر بھی بلا معاوضہ ناشتے اور دوپہر کے کھانے سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں! **27 جون سے لے کر 29 اگست تک** نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) بلا معاوضہ موسمِ گرما کھانوں کا پروگرام پورے نیو یارک شہر کے 18 سال یا اس سے کم عمر کسی بھی فرد کو مفت کھانوں کی پیشکش کرتا ہے۔ کھانے منتخب کردہ نیو یارک شہر پبلک اسکولوں، کمیونٹی پول مراکز، پارکوں اور لائبریریز میں دستیاب ہیں۔ آپ کو پیشگی سائن اپ کرنے کی یا شناخت فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے — محض موسمِ گرما کھانوں کے مقام پر جائیں اور کھانے سے لطف اندوز ہوں۔    تواریخ، مقامات، اوقات اور مینوز تبدیل ہو سکتے ہیں؛ تازہ ترین معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/summermeals** پر جائیں۔

- **اوقات کار کی تواریخ:** جمعہ، 27 جون تا جمعہ، 29 اگست، 2025 (جمعہ 4 جولائی، 2025 کو **خدمت فراہم نہیں کی جائے گی***)*
- **کام کے اوقات کار** ناشتا صبح 8 تا 9:15 تک  |  دوپہر کا کھانا (لنچ) صبح 11 تا دوپہر 1:15 تک

---

## **PSAL** ہائی اسکول موسمِ گرما کھیل، فٹنس، اور تفریحی پروگرام

اس موسمِ گرما، خزاں 2025 میں 12-9 گریڈ میں داخل ہونے والے NYCPS طلباء پبلک اسکولز اتھلیٹک لیگ (PSAL) ہائی اسکول موسمِ گرما کھیلوں، فٹنس، اور تفریحی پروگرام کے لیے رجسٹر کروا سکتے ہیں۔  شرکا پانچوں بروز میں منتخب کردہ مقامات پر کھیلوں کی مفت تربیت، کھیلوں کی مخصوص صلاحیتوں کو فروغ دینے اور تفریحی سرگرمیوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ پروگرام کا انعقاد **پیر تا جمعرات، سہ پہر 6-3**  کیا جائے گا، ان کو دو سیشنز میں تقسیم کیا گیا ہے:

- **سیشن 1:** 14 جولائی –  29 جولائی
- **سیشن 2:** 30 جولائی – 14 اگست

طلباء موسم گرما 2025 پروگرام کے لیے پروگرام کی تفصیلات **psal.org/events-and-standings/summer.aspx** پر دیکھ سکتے ہیں اور رجسٹر کروا سکتے ہیں۔ طلباء کسی بھی PSAL موسمِ گرما مقام پر رجسٹر کروا سکتے ہیں، اس بات کے قطع نظر کہ یہ معمول کے تعلیمی سال کے دوران کہاں پر مندرج ہیں۔  البتہ، طلباء کو فی سیشنز صرف ایک مقام اور پروگرام کا انتخاب کرنا چاہیئے۔

---

## موسم گرما میں مطالعہ

مطالعہ کسی بھی دوسری صلاحیت کی طرح ہے: اس میں مشق درکار ہوتی ہے۔ موسم گرما کے دوران، ملکر مطالعہ کرنا آپکے بچے کی خواندگی کی صلاحیتوں کے مسلسل فروغ میں مدد کرے گا اور انکے کلاس روم کے باہر وقت کے دوران ہونے والے کسی تعلیمی حرج سے بچائے گا۔

اس موسمِ گرما، Sora پرNYCPS شہرپیما ڈیجیٹل لائبریری کے ذریعے مختلف زبانوں میں ہزاروں ای بُکس اور آڈیو بُکس تلاش کریں۔ اپنے این وائی سی پبلک اسکولز کوائف استعمال کر کے  **soraapp.com/library/nycschools** پر لاگ ان کریں۔

آپ **schools.nyc.gov/LiteracyResources** پر گھر پر مطالعہ کرنے کے بارے میں تجاویز، تمام گریڈ سطح کے طلباء کے لیے مجوزہ کتابیں، گھر پر سرگرمیوں، ہماری موسمِ گرما مطالعہ رہنمائی اور بہت کچھ تلاش کر سکتے ہیں۔